جماعت: سوم — ورک شیٹ: ۱

**سرگرمی: کالم الف میں دی گئی تصاویر غور سے دیکھیے اور انھیں کالم ب میں دیے گئے مناسب پیراگراف سے ملائیے۔**

## عنوان: "احمد کی رحم دلی"

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| 1  | اچانک ایک کتا سامنے آیا اور زور زور سے بھونکنے لگا۔ وہ احمد کی طرف لپکا جیسے اُسے کاٹنے آرہا ہو۔ |
| 2   | گرمیوں کی ایک خوشگوار صبح تھی۔ ہلکی ہلکی ہوا چل رہی تھی۔ گلی میں پرندوں کی چہچہاہٹ ہر طرف سنائی دے رہی تھیں۔ احمد اپنی سائیکل لے کر گلی میں نکل آیا۔ وہ بہت خوش تھا اور سیر سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ |
| 3  | کتا تیز بھاگتے ہوئے اچانک ایک آتی ہوئی گاڑی سے ٹکرا گیا۔ وہ زور سے سڑک پر گرا اور بے حس و حرکت ہو گیا۔ |
| 4  | احمد گھبرا گیا۔ اس کا چہرہ خوف سے سفید ہو گیا۔ وہ سائیکل چلاتا رہا اور کتا اس کے پیچھے دوڑتا رہا۔ |

LIVEWORKSHEETS




کچھ ہی دیر میں کتا بہتر محسوس کرنے لگا۔ وہ احمد کو دیکھ کر دُم ہلانے لگا۔ احمد نے اُس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور مسکرا دیا۔ اب وہ دونوں اچھے دوست بن گئے۔




یہ منظر دیکھ کر احمد رک گیا۔ پہلے تو وہ خوفزدہ ہوا مگر پھر اُس کے دل میں رحم آ گیا۔ وہ اس کے پاس بیٹھ کر اس کی حالت دیکھنے لگا۔ اسے کافی چوٹ لگی تھی۔




وہ فوراً دوا لے آیا اور کتے کے زخم پر دوا لگائی۔ وہ اس کے پاس بیٹھا رہا۔

نتیجہ:

انسان محبت اور رحم دلی سے دشمن کو بھی دوست بنا سکتا ہے۔

LIVEWORKSHEETS